**15.06.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Musics**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، گروپ-7 کے اجلاس میں شرکت کے بعد نئی دلّی واپس پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے عالمی اجلاس میں بھارت کے شاندار مستقبل کا خاکہ پیش کیا۔

☆ آج سوئٹزرلینڈ میں یوکرین کے بارے میں بین الاقوامی امن کانفرنس ہو رہی ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے بَستر ڈویژن میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں 8 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔

☆ سکّم میں بارش کی تباہ کاریوں اور مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے ریاست کے شمالی حصے میں 15 سو سیاح پھنس گئے ہیں۔

☆ آج شام فلوریڈا میں ٹوئنٹی ٹوئنٹی ICC مردوں کے عالمی کپ میں بھارت اپنے گروپ کا آخری میچ کینڈا کے ساتھ کھیلے گا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-Return**

وزیراعظم نریندر مودی اٹلی کے ایک روزہ دورے کو مکمل کرکے آج صبح نئی دلّی پہنچ چکے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے اس دورے کو نتیجہ خیز قرار دیا۔ انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ عالمی رہنماؤں کے ساتھ مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال ہوا۔ انہوں نے عالمی برادری کو فائدہ پہنچانے کیلئے مؤثر حل تلاش کرنے اور آئندہ نسلوں کیلئے ایک بہتر دنیا تشکیل دینے کے ایک مشترکہ عزم کا اظہار کیا۔ اُمور خارجہ کی وزارت نے کہا کہ اس دورے میں جی-7 کے پلیٹ فارم کے تحت اہم

عالمی مسائل پر نتیجہ خیز بات چیت ہوئی اور کانفرنس میں شرکت کرنے والے ممالک کے ساتھ بھارت کی شراکت داری کو مزید گہرا کرنے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ وزیراعظم نے عالمی اجلاس میں بھارت کے شاندار مستقبل کا خاکہ پیش کیا۔ اپنے دورے کے دوران وزیراعظم نے جی-7 چوٹی کانفرنس میں شرکت کی اور اٹلی کی اپنی ہم منصب جورجیا ملونی سمیت مختلف عالمی رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔ ان رہنماؤں میں برطانیہ کے وزیراعظم رِشی سونک، فرانس کے صدر ایمانوئل میکراں اور یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی بھی شامل ہیں۔

کل اٹلی کے **Apulia** میں جی-7 چوٹی کانفرنس کے **Outreach Session** سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے بھارت کے توانائی کی منتقلی کے راستے پر ایک تفصیلی خاکہ پیش کیا اور اس بات کی نشاندہی کی کہ بھارت کا نقطہ نظر دستیابی، رسائی، استطاعت اور قبولیت پر مبنی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھارت **20270** تک کاربن کے اخراج کو بالکل ختم کرنے پر کام کررہا ہے۔×

## PM-Yoga Video

**21** جون کو یوگ کے دسویں بین الاقوامی دن کیلئے اُلٹی گنتی شروع ہوگئی ہے۔ اسی سلسلے میں وزیراعظم نریندر مودی نے آج سوشل میڈیا پلیٹ فارم **X** پر اردھ چکراسن یا جسے ہاف ویل پوسچر کہا جاتا ہے، کی ایک ویڈیو کلپ شیئر کی ہے۔ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے وزیراعظم نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ ایک صحت مند دل اور جسم میں خون کے دوران کو بہتر کرنے کیلئے ورزش کے اس طریقے کو معمولات زندگی میں شامل کریں۔ اس ویڈیو کلپ میں انگریزی اور ہندی، دونوں زبانوں میں اس ورزش کو کرنے سے ہونے والے صحت سے متعلق فائدوں اور ورزش کو کرنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے۔×

## Peace Conference Switzerland

سوئٹزرلینڈ میں، یوکرین کی لڑائی میں امن کے قیام کے مقصد سے راہ ہموار کرنے کیلئے ایک بین الاقوامی کانفرنس آج **Lake Lucerne** پر **Burgenstock Resort** کے مقام پر ہورہی ہے۔ تقریباً **100** ممالک کے وزرائے اعظم اور دیگر اعلیٰ درجے کے نمائندوں اور عالمی اداروں سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ عہدیداروں کا، اس کانفرنس میں شرکت کرنے کی توقع ہے۔ یہ رہنما یوکرین کے اناج کی برآمدات، روس کے قبضے والے زیپو ریشیا نیوکلیئر پاور پلانٹ کی حفاظت اور انسانیت سے متعلق مسائل، جس میں قیدیوں کا تبادلہ بھی شامل ہے، جسے اہمیت کے حامل موضوعات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔×

## Chhattisgarh Killed

چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں کم سے کم **8** ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔ گولی

باری میں حفاظتی عملے کے دو جوان زخمی ہوگئے ہیں۔ بستر ڈویژن کے **Abujhmad** علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی کی خفیہ جانکاری ملنے کے بعد بھارت سرحدی تبّتی پولیس، ضلع ریزرو گارڈ اور خصوصی ٹاسک فورس نے مشترکہ طور پر تلاش کی کارروائی شروع کی تھی۔ آج صبح یہ جھڑپ ہوئی۔ علاقے میں ابھی تک تلاش کی کارروائی جاری ہے اور تفصیلات کا انتظار ہے۔

## Mumbai Wall Callapse

ممبئی کے نزدیک وڈالا میں کل رات ایک تین منزلہ عمارت کی ایک دیوار کا حصہ منہدم ہونے سے دو خواتین کی موت ہوگئی۔ **BMC** کے آفات سے نمٹنے والے **Cell** کے مطابق دوسری اور تیسری منزل کی ایک دیوار جزوی طور پر منہدم ہوگئی۔ یہ حادثہ وڈالا کے **Antop Hill** علاقے میں کل رات ساڑھے نو بجے پیش آیا۔ فائر بریگیڈ اہلکار جائے حادثہ پر پہنچے اور انہوں نے بچاؤ اور راحت کا کام شروع کردیا۔ حادثے میں زخمی ہوئیں دو خواتین کو فوری طور پر **Sion** اسپتال میں داخل کرایا گیا، جس کے بعد دونوں زخمی خواتین کو مردہ قرار دے دیا گیا. مزید تحقیقات جاری ہے۔×

## Delhi HC Sunita Kejriwal

دلّی ہائی کورٹ نے دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی اہلیہ سنیتا کجریوال اور پانچ دوسروں کو ہدایت دی ہے کہ انھوں نے عدالت کی کارروائی سے متعلق جو ویڈیو سوشل میڈیا پر پوسٹ کی ہے، اُسے ہٹایا جائے۔ اِس ویڈیو میں انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے کجریوال کو گرفتار کئے جانے کے بعد **28** مارچ کو راؤز ایوینو کورٹ میں خطاب کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ اُنھیں مبینہ شراب پالیسی کی دھاندلی کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا ہے۔

جسٹس **Neena** بنسل کرشنا اور جسٹس امت شرما پر مشتمل ایک ڈویژن بینچ نے مفادِ عامہ میں دائر کئے گئے ایک مقدمے کی سماعت کرتے ہوئے اُنھیں نوٹس جاری کیا ہے۔ مفادِ عامہ میں دائر کی گئی اِس درخواست میں سنیتا کجریوال اور دوسروں پر ویڈیو کانفرنسنگ کے ضابطوں کی مبینہ خلاف ورزی کا الزام لگایا گیا ہے۔ عدالت نے سنیتا کجریوال اور دوسروں کو حکم دیا ہے کہ عدالت کی کارروائی کی ویڈیو کو ہٹایا جائے۔ اِس معاملے کی اگلی سماعت اگلے مہینے کی **9** تاریخ کو ہوگی۔**x**

## Sikkim BRO

گزشتہ چار دن سے شمالی سکّم میں لگاتار بارش نے تباہی مچا رکھی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ماضی میں اِس طرح کی موسلا دھار بارش کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ شمالی سکّم جانے والی سڑکوں پر کئی جگہ مٹی کے تودے گرنے کے واقعات پیش آئے ہیں اور سڑکوں پر شگاف بھی پڑ گئے ہیں۔ موسلا دھار بارش اور تودے گرنے کی وجہ سے **Dikchu-Sanklang-Toong**، **Mangan-Sanklang**، **Singtham-Rangrang** اور **Rangrang-Toong** راستے متاثر ہوئے ہیں،

جس کی وجہ سے خطے میں 12 سو سے 15 سو سیاح پھنس گئے ہیں۔ صورتحال کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے سرحدی سڑک تنظیم BRO نے فوری طور پر مرمت اور بحالی کا کام شروع کر دیا ہے۔ مٹی اور ملبے ہٹانے کیلئے بھاری مشینوں کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں Toong میں تعمیر کیے گئے پُل کے ذریعے رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ x

## Haj

بھارت سمیت دنیا بھر کے 20 لاکھ سے زیادہ مسلمان فریضۂ حج ادا کرنے کیلئے آج سعودی عرب میں میدانِ عرفات میں جمع ہیں، جو حج کا رکنِ اعظم ہے۔ عازمین وہاں توبہ استغفار کر رہے ہیں اور اپنے گناہوں کی معافی مانگ رہے ہیں۔

عازمین نے کل رات منیٰ میں گزاری اور آج صبح سویرے سے جوق در جوق فرزندانِ توحید عرفات جا رہے ہیں۔ عازمین، مسجد نمرہ میں خطبۂ حج سنیں گے اور ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کریں گے۔ سورج غروب ہونے کے بعد حجاج کرام مزدلفہ کیلئے روانہ ہوں گے جہاں وہ پوری رات کھلے آسمان کے نیچے عبادت میں گزاریں گے۔ کل صبح سویرے وہ منیٰ کیلئے روانہ ہوں گے جہاں بڑے شیطان کو کنکریاں ماریں گے، قربانی کریں گے۔

اِس سال ایک لاکھ 75 ہزار سے زیادہ ہندوستانی مسلمان حج ادا کر رہے ہیں۔ اِن میں سے ایک لاکھ 40 ہزار افراد بھارت کی حج کمیٹی کے ذریعے جبکہ تقریباً 35 ہزار افراد، پرائیویٹ آپریٹروں کے ذریعے وہاں گئے ہیں۔ اِس سال 5 ہزار سے زیادہ ہندوستانی خواتین محرم اور مرد سرپرست کے بغیر حج ادا کرنے گئیں ہیں۔ x

## Agri Shivraj

زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 18 تاریخ کو 9 کروڑ 3 لاکھ کسانوں کے کھاتے میں تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے منتقل کریں گے۔ یہ رقم PM کسان سمّان ندھی یوجنا کے تحت منتقل کی جائے گی۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے یہ جانکاری دی۔ جناب شیو راج سنگھ چوہاں نے بتایا کہ گزشتہ 10 سال میں اب تک 11 کروڑ کسانوں کے کھاتوں میں 3 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ رقم منتقل کی جاچکی ہے۔ جناب چوہان نے بتایا کہ انھوں نے تمام وزراء اعلیٰ کو تحریر کیا ہے کہ وہ 18 جون کو اِس تقریب میں وزیر اعظم کے ساتھ شامل ہوں۔

## T-20 World Cup

مردوں کے ICC ٹوئنٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں آج فلوریڈا کے Central Broward پارک اسٹیڈیم میں آخری گروپ مرحلے کے میچ میں بھارت کا مقابلہ کنیڈا کے ساتھ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 بجے ہوگا۔ بھارت گروپ-اے سے پہلے ہی سُپر آٹھ میں اپنی جگہ بنا چکا ہے۔

آج بعد میں دفاعی چمپئن انگلینڈ کا Antigua میں Sir Vivian Richards اسٹیڈیم میں نامبیا سے مقابلہ ہوگا۔ سُپر آٹھ میں جگہ بنانے کیلئے انگلینڈ کیلئے یہ میچ جیتنا ضروری ہے۔ x

**Arunachal Speaker**

Changlang North سے اسمبلی ممبر Tesam Pongte کو آٹھویں اروناچل پردیش اسمبلی کا اتفاق رائے سے اسپیکر منتخب کیا گیا ہے۔ اسمبلی کے خصوصی اجلاس میں عبوری اسپیکر Ninong Ering نے Teasam Pongte کو بلا مقابلہ اسمبلی کا اسپیکر منتخب کئے جانے کا اعلان کیا۔ اِس عہدے کیلئے کسی دوسرے امیدوار نے کاغذات داخل نہیں کیے تھے۔ کرسئ صدارت سنبھالنے کے بعد جناب Pongte نے اُنھیں اتفاق رائے سے منتخب کیے جانے کیلئے ایوان کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ وہ اسپیکر کے عہدے اور جمہوری روایات کا وقار بلند رکھنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔

وزیر اعلیٰ Pema Khandu نے جناب Pongte کو مبارکباد دیتے ہوئے آئندہ دنوں میں اُنھیں ریاستی سرکار کی طرف سے ہر ممکن حمایت کا یقین دلایا۔Likabali کی نمائندگی کرنے والے اسمبلی ممبر Kardo Nyigyor کو بھی کسی مقابلے کے بغیر آٹھویں ریاستی اسمبلی کا نائب اسپیکر منتخب کیا گیا ہے۔ x

**MEA-SBI**

وزارت خارجہ اور اسٹیٹ بینک آف انڈیا نے بیرون ملک مقیم بھارتی مزدوروں، روزگار فراہم کرنے والے ایجنٹوں اور e-migrant portal کا استعمال کرنے والے دیگر افراد کو Additional digital payment خدمات فراہم کرنے کیلئے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ اس پہل کے ذریعہ امیگریشن سے متعلق مختلف Fees کی ادائیگی UPI، کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ اور تمام بھارتی بینکوں کی نیٹ بینکنگ سے NEFT کے ذریعہ Payment کی ادائیگی بغیر کسی Transaction Charges کے ممکن ہوسکے گی۔

وزارت نے ایک بیان میں آج کہا ہے کہ یہ مفاہمت نامہ بیرون ملک مقیم بھارتی کارکنوں کی محفوظ اور قانونی نقل مکانی کے دائرہ کار میں مزید سہولت اور اضافہ کرے گا۔ یہ مفاہمت نامہ SBI e Pay اور e-Migrant Portal کے کامیاب انضمام کے بعد بہت جلد نافذ العمل ہوگا۔x

**Rijiju Parliament Session**

اٹھارہویں لوک سبھا کا پہلا پارلیمانی اجلاس اِس مہینے کی 24 تاریخ سے شروع ہونے والا ہے۔ اسی کے مد نظر پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ سرکار، پارلیمنٹ کو خوش اسلوبی سے چلانے کیلئے سبھی سیاسی جماعتوں اور اراکین

کے ساتھ مل کر کام کرنے کی منتظر ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انھوں نے یہ بات کہی ہے۔ جناب رجیجو نے کہا کہ روایتی طور پر پہلے اجلاس میں نو منتخبہ ممبروں کو حلف دلایا جانا، لوک سبھا کے اسپیکر کا انتخاب اور پھر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے صدر کا خطاب شامل ہیں۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ تمام نئے منتخبہ ممبر، بھارتی پارلیمنٹ کی مالا مال روایات کو مستحکم کرنے کیلئے کام کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ راجیہ سبھا کا اجلاس اِس مہینے کی 27 تاریخ سے شروع ہوگا اور دونوں ایوانوں کا اجلاس 3 جولائی کو ختم ہوجائے گا۔ x

## Hyderbad Grduation Ceremony

فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل وی آر چودھری نے آج بھارتی فضائیہ میں نئے شامل ہوئے فلائنگ افسروں سے کہا ہے کہ وہ نئی ٹیکنالوجی، خصوصی طور پر سائبر شعبہ سے متعلق ٹیکنالوجی کو اپنائیں اور لڑائیاں جیتنے کیلئے اس صلاحیت کا مؤثر طور پر استعمال کریں۔ x

## Tennis

ٹینس میں بھارت کے سری رام بالاجی اور جرمنی کے ان کے ساتھ کھلاڑی Andre Begemann نے اٹلی کے پیروگیا میں ATP چیلنجز ٹورنامنٹ کے مردوں کے ڈبلز فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ انڈو-جرمن جوڑی کا آج شام فائنل میں ٹاپ سیڈ یافتہ میکسیکو کے Miguel Angel Reyes-Varela اور ارجنٹینا کے Guido Andreozzi سے ہوگا۔

بالاجی اور Begemann نے کل سیمی فائنل میں Francesco Maestrelli اور Federico Cina کی اطالوی جوڑی کو چھ-تین، تین-چھ، دس- چھ سے شکست دی تھی۔ اس سے پہلے آل انڈیا ٹینس ایسوسی ایشن نے تصدیق کی تھی کہ بالاجی آئندہ پیرس اولمپکس میں مردوں کے ڈبلز مقابلے میں تجربہ کار روہن بوپنا کے ساتھ کھیلیں گے۔x

☆☆☆☆☆☆